24 اگست 2023ء

امریکہ اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع 75 روپے کا یادگاری سکہ جاری

بینک دولت پاکستان نے امریکہ اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر جمعرات کو اسلام آباد میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں 75 روپے کا یادگاری سکہ جاری کر دیا۔ پاکستان کے سیکریٹری خارجہ محمد سائرس سجاد قاضی اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ پاکستان میں امریکہ کے سفیر جناب ڈونلڈ بلوم نے اس تقریب میں گیسٹ آف آنر کی حیثیت سے شرکت کی۔

اپنے خیر مقدمی خطاب میں گورنر اسٹیٹ بینک جناب جمیل احمد نے تقریب میں شرکت پر سیکریٹری خارجہ اور پاکستان میں امریکہ کے سفیر کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ یادگاری سکے کا اجرا اس اہمیت کی عکاسی کرتا ہے جو دونوں ممالک ان روابط کو دیتے ہیں، اور سکے کا ڈیزائن اس بات کی افادیت کو اجاگر کرتا ہے کہ کس طرح آزاد اقوام اپنے عوام کی ترقی کے لیے ساتھ مل کر کام کرتی ہیں۔ انہوں نے دونوں اقوام کے درمیان تجارت، فارن ڈائریکٹ انویسٹمنٹ، فنانس اور ترسیلات زر کے شعبوں میں اہم معاشی تعلقات پر روشنی ڈالی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی خصوصاً، تعلیم کے شعبے میں افراد کے روابط کو سراہا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ پاکستان میں فن ٹیک کے شعبے میں ترقی کے امکانات اور اس کی معاونت کے لیے اسٹیٹ بینک کے متعدد اقدامات کو مدنظر رکھتے ہوئے امریکہ کی فن ٹیک فرمیں اس ابھرتے ہوئے کاروبار میں سرمایہ کاری کریں گی۔

سیکریٹری خارجہ جناب سائرس سجاد قاضی نے خوب صورت یادگاری سکے کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سکے پر موجود پاکستان اور امریکہ کی قومی علامتیں دونوں ممالک کی جمہوری بنیادوں کو اجاگر کرتی ہیں۔ سیکریٹری خارجہ نے دونوں ممالک کے درمیان باہمی طور پر فائدہ مند تعلقات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان میں ایک نئی گرمجوشی لانے پر امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم کی کوششوں کا اعتراف کیا۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت و سرمایہ کاری، دفاع، انسداد دہشت گردی، تعلیم، توانائی، ماحول اور صحت کے شعبوں میں کثیر جہتی تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے دوطرفہ دوروں سے ان تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں مدد ملی ہے۔ پاکستان، امریکہ اور خطے کے لیے پاک امریکہ روابط کی اہمیت کا اعادہ کرتے ہوئے سیکریٹری خارجہ نے کہا کہ یہ سکہ اس طویل مدتی تعلق سے ہماری وابستگی کی پائیدار علامت رہے گا۔ انہوں نے پاک امریکہ تعلقات کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تاریخی تقریب کے انعقاد پر گورنر اسٹیٹ بینک کا شکریہ ادا کیا۔

پاکستان میں امریکہ کے سفیر ڈونلڈ بلوم نے اپنی تقریر میں کہا کہ یہ سکہ دونوں ملکوں کے مابین مشترکہ اقدار، آدرش اور باہمی تعلقات کے ساتھ ساتھ روشن مستقبل کے لیے ان کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے یادگاری سکہ جاری کرنے کے بامقصد اقدام پر اسٹیٹ بینک کا شکریہ ادا کیا، اور حکومت پاکستان کے ساتھ قریبی روابط کی امید ظاہر کی۔ انہوں نے اعتماد کے ساتھ کہا کہ امریکہ پاکستان گرین الائنس جیسے نئے اقدامات دونوں ملکوں کو اپنے مشترکہ چیلنجوں سے مشترکہ طور پر نمٹنے میں مدد دیں گے۔

یہ سکہ 25 اگست 2023ء سے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے کاؤنٹرز سے جاری کیا جائے گا۔ یہ سکّہ گول شکل کا ہے جس کے کنارے اُبھرواں ہیں، سکّے کا قطر 30 ملی میٹر، اور وزن 13.5 گرام ہے، اسے تانبے اور نکل دھات سے بنایا گیا ہے۔ ڈیزائن کی تفصیلات یہ ہیں:

	سامنے کا رُخ: سکّے کے سامنے کی طرف، وسط میں 'حکومت پاکستان کا سرکاری نشان' ہے۔ اس نشان کے اوپر سکے کے بالائی نصف دائرے میں انگریزی رسم الخط میں 'ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN' تحریر ہے۔ سرکاری نشان کے بائیں اور دائیں طرف بالترتیب 'Rs' اور عدد '75' کندہ ہے۔ سرکاری نشان کے نیچے '2022-1947' لکھ کر پاکستان کی آزادی کے سال اور پاک امریکہ تعلقات کی 75 ویں سالگرہ کی عکاسی کی گئی ہے۔ اس کے نیچے زیریں نصف دائرے میں اردو رسم الخط میں 'ایمان-اتحاد- نظم' تحریر ہے۔
	پچھلا رُخ: سکّے کے پچھلی طرف وسط میں ریاست ہائے متحدہ امریکہ کا قومی نشان 'گریٹ سِیل' بنایا گیا ہے۔ UNITED STATES OF AMERICA کے الفاظ اس قومی نشان کے اوپر کندہ ہیں، جبکہ اس نشان کے نیچے اور بیرونی کنارے پر نچلے حصے میں انگریزی رسم الخط میں '75th ANNIVERSARY OF US-PAK RELATIONS' تحریر ہے۔ دائروی الفاظ کو ایک دوسرے سے جدا کرنے کے لیے سکے کے دائیں اور بائیں جانب ستارے کندہ ہیں۔ امریکہ کے قومی نشان کے نیچے امریکہ کا سالِ آزادی '1776' تحریر ہے۔